16.10.2026

21.15 Hrs

HL-OPENNING

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں .... شمیم احمد

Music

☆ تین ریاستوں کے پانچ ITI کلسٹروں کیلئے پی ایم سیتو کے تحت تقریباً ایک ہزار 200 کروڑ روپئے کی سرمایہ کاری کی منظوری دی گئی ہے۔

☆ مختلف کاروباری تنظیموں نے دلّی کے کاروباری مراکز میں ہر قسم کے احتجاج پر فوراً پابندی عائد کرنے کو کہا ہے تاکہ عوام اور مقامی معیشت کا تحفظ کیا جاسکے۔

☆ حکومت نے سپریم کورٹ کو مطلع کیا ہے کہ ہوائی جہاز کے کرایوں کی قیمت کو منضبط کرنے سے متعلق ضوابط کو قطعی شکل دے دی گئی ہے۔ اِنھیں دو ہفتے کے اندر شائع کیا جائے گا۔

☆ مرکز نے مردم شماری کے ضوابط میں ترمیم کی ہے۔ اُس نے Enumerator کے طور پر تقرری کیلئے اہلیت میں توسیع کی ہے۔

☆ بھارت نے سعودی عرب میں پروازوں میں رخنہ اندازی کے دوران اپنے باشندوں کیلئے نئی ایڈوائزری جاری کی ہے۔

☆ اور کھیلوں میں لاس ویگاس میں کومل نے 23 سال سے کم عمر کی عالمی کُشتی چمپئن شپ میں کانسے کا تمغہ جیتا ہے۔ قاہرہ میں عالمی جونیئر بیڈمنٹن شپ میں جگ شیر سنگھ کھن گُرّہ نے بھی کانسے کا تمغہ جیتا ہے۔

Music

اب خبریں تفصیل سے......

PM Setu ITI Cluster

پی ایم سیتو کی قومی اسٹیئرنگ کمیٹی NSC کی چھٹی میٹنگ میں آج مہاراشٹر، اڈیشہ اور جموں وکشمیر کے پانچ صنعتی تربیتی اداروں ITI کلسٹروں کیلئے تقریباً ایک ہزار 194 کروڑ روپئے کی مالیت کے سرمایہ کاری کے منصوبوں کو منظوری دی گئی۔ مہارتوں کی نشو ونما اور چھوٹے کاروباری اداروں کی وزارت نے بتایا کہ اِس تازہ ترین منظوری سے اَپ گریڈ کئے گئے ITIs پی ایم سیتو کے ذریعے پردھان منتری مہارتوں اور روزگار کے مواقع پیدا کرنے کی کایاپلٹ کے تحت منظور کی گئی مجموعی سرمایہ کاری بڑھ کر تین ہزار 687 کروڑ روپئے سے زیادہ ہوگئی۔

میٹنگ سے خطاب کرتے ہوئے وزارت کے سکریٹری دیبا شری مکھرجی نے بتایا کہ جموں وکشمیر کی جانب

سے کی گئی پیشرفت حوصلہ افزا ہے اور اِس سے مہارتوں کی نشو ونما کو مستحکم کرنے اور خطے کے نوجوان افراد کیلئے مواقع کو وسعت دینے کے مضبوط عزم کا اظہار ہوتا ہے۔

Delhi Traders PM

نئ دلّی کی مختلف کاروباری تنظیموں نے وزیر اعظم نریندر مودی سے زور دے کر کہا ہے کہ وہ حالیہ احتجاجوں کے سبب اُن کے ہونے والے زبردست مالی نقصان کے بعد اُن کے طرزِ معاش کی حفاظت کیلئے مداخلت کریں۔ وزیراعظم کے نام تحریر کئے گئے ایک مشترکہ خط میں کاروباری تنظیموں نے اِس بات کو اجاگر کیا ہے کہ اِس ماہ کی 10 تاریخ کے آس پاس احتجاج کی اپیلوں نے بے چینی اور رخنہ اندازی کا ایک ماحول قائم کردیا ہے، جس کی وجہ سے اِس تاریخ سے چار پانچ دن پہلے اور چار پانچ دن بعد، ڈرے ہوئے صارفین، بڑے بازاروں سے دور رہے ہیں۔تہواروں کے اِن دنوں جاری سیزن کے تعلق سے تشویش ظاہر کرتے ہوئے کاروباری اداروں سے وزیر اعظم، مرکزی حکومت اور عدلیہ سے زور دے کر کہا ہے کہ وہ دلّی کے کاروباری مراکز میں سبھی قسم کے احتجاجوں اور مارچ پر فوراً پابندی عائد کریں تاکہ عوام اور مقامی معیشت کا تحفظ کیا جاسکے۔ کاروباری تنظیموں نے مطالبہ کیا ہے کہ مالی نقصانات کا جائزہ لیا جائے اور اِسے براہِ راست احتجاج منعقد کرنے والوں سے وصول کیا جائے۔

میڈیا سے بات کرتے ہوئے لاجپت نگر ٹریڈرس ایسوسی ایشن کی فیڈریشن کے صدر کلدیپ اروڑہ نے کہا کہ پوری دلّی کے لوگوں کو دلّی میں احتجاج کی وجہ سے دشواروں کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔

Kuldeep Arora

SC Protests

سپریم کورٹ نے آج کہا ہے کہ اگر نئ دلّی کے کناٹ پلیس کے آس پاس بار بار ہونے والے احتجاج اور سکیورٹی پابندیوں کا کاروبار پر مخالفانہ اثر پڑتا ہے تو وہ مداخلت کرے گی۔ بھارت کے چیف جسٹس سوریہ کانت اور جسٹس Joymalya باگچی پر مشتمل ایک بینچ، کاکروچ جنتا پارٹی کی جانب سے کی گئی احتجاج کی اپیل سے قبل دو دن کیلئے سینٹرل پارک کو بند کرنے کے نئ دلّی میونسپل کونسل کے فیصلے کو چیلنج کرنے والی ایک عرضداشت کی سماعت کر رہی تھی۔ کاروباری افراد کی نمائندگی کرتے ہوئے وکیل موصوف نے سپریم کورٹ کو بتایا کہ احتجاج کی وجہ سے کاروبار کو بہت زیادہ نقصان ہو رہا ہے۔ ایک اندازے کے مطابق یہ نقصان 250 کروڑ روپئے یومیہ سے زیادہ ہے۔بینچ نے کہا کہ اگر پابندیوں سے کاروبار غیر قانونی طور پر متاثر ہوتے ہیں تو وہ اپنے آئینی اختیارات کو استعمال کرے گی، جس میں عوامی قانون کے تحت آنے والے قوانین شامل ہیں۔x

Delhi Police Protesters Detain

دلّی پولیس نے CJP کے احتجاج کرنے والے کئی اُن ممبران کو حراست میں لیا ہے جو حکم امتناعی کی خلاف ورزی کرتے ہوئے وسطی دہلی میں مجوزہ احتجاج میں شرکت کیلئے آئے تھے۔ اس سے قبل دلّی پولیسَ نے وضاحت کی

تھی کہ اُسے احتجاج منعقد کرنے کی اجازت لینے کے سلسلے میں کوئی درخواست موصول نہیں ہوئی تھی۔
میڈیا سے خطاب کرتے ہوئے ایڈیشنل کمشنر آف پولیس راجیو رنجن نے کہا کہ پولیس کو افراد کی کسی مخصوص فہرست سے متعلق کوئی درخواست موصول نہیں ہوئی۔ انھوں نے کہا کہ بھارت کے پرچم سے متعلق ضوابط کو باقاعدہ طور پر نوٹیفائی کیا گیا تھا اور یہ کہا گیا تھا کہ قومی پرچم کے ساتھ انتہائی احترام کا رویّہ اختیار کیا جائے۔
جناب رنجن نے مزید کہا کہ دلّی پولیس سوشل میڈیا پر ایک پوسٹ کے ذریعے پہلے ہی اُن احتیاطی اقدامات کو اجاگر کرچکی تھی جن پر قومی جھنڈا پھہراتے ہوئے شہریوں کو عمل کرنا لازمی ہے۔ انھوں نے مزید کہا کہ سوشل میڈیا کے مختلف اکاؤنٹس اپنی ڈیوٹی انجام دینے والے پولیس اہلکاروں کی تصویریں اور ویڈیوز اپنی ترجیح کے مطابق شیئر کر رہے ہیں جس کے ساتھ وہ اپنی ذاتی اطلاعات بھی فراہم کر رہے ہیں۔ ایڈیشنل کمشنر آف پولیس نے اِس طریقۂ کار کو نامناسب اور غیرقانونی قرار دیا۔x

SC Govt Airfare

مرکزی حکومت نے آج سپریم کورٹ کو مطلع کیا کہ ہوائی جہاز کے کرایے کی قیمت کو منضبط کرنے سے متعلق ضوابط کو قطعی شکل دے دی گئی ہے اور انتظامی منظوری بھی موصول ہوگئی ہے اور اِسے دو ہفتے کے اندر شائع کردیا جائے گا۔جسٹس وکرم ناتھ، جسٹس آر مہادیون اور جسٹس اَپریش سنگھ پر مشتمل ایک بینچ پرائیویٹ ایئر لائنس کے ذریعے من مانے طریقے سے اور بہت زیادہ بڑھائے ہوئے ہوائی جہاز کے کرایوں کے متعلق دائر کی گئی مفادِ عامہ کی ایک عرضداشت کی سماعت کر رہی تھی۔ اِس سماعت پر کارروائی کرتے ہوئے عدالت نے ہدایت دی کہ اگلے ماہ کی 16 تاریخ کو اِس معاملے کی سماعت کی جائے گی اور اِس تاریخ تک شائع شدہ ضوابط اُس کے سامنے پیش کئے جائیں۔x

Home Affairs Census Rules

داخلی امور کی وزارت نے مردم شماری ایکٹ 1948 کے تحت مردم شماری ترمیمی ضوابط 2026 کو متعارف کیا ہے۔ وزارت نے اِس سلسلے میں آج ایک گزٹ نوٹیفکیشن جاری کیا ہے۔ نظر ثانی شدہ ضوابط کے تحت سرکاری، مقامی اتھارٹی، امداد یافتہ اور غیر امداد یافتہ پرائیویٹ تعلیمی اداروں نیز سوسائٹیز یا ٹرسٹ کی جانب سے چلائے جانے والے اداروں کے ٹیچرز کو گھر گھر جاکر معلومات حاصل کرنے والے ذمہ دار Enumerator کے طور پر مقرر کیا جاسکتا ہے۔ ترمیم میں مرکزی اور ریاستی سرکاروں، مقامی اتھارٹی، اور مختلف اداروں میں کام کرنے والے کلرکوں اور دیگر اہلکاروں کو بھی شامل کیا گیا ہے۔x

FM Thailand Visit

مرکزی وزیر خزانہ نرملا سیتا رمن نے آج بینکاک میں بین الاقوامی مالیاتی فنڈ – عالمی بینک کی سالانہ میٹنگوں سے الگ بین الاقوامی تعاون کیلئے جاپان بینک کے گورنر Kazuhiko Amakawa سے ملاقات کی۔ سوشل میڈیا

پر ایک پوسٹ میں وزارتِ خزانہ نے بتایا کہ دونوں کے درمیان تبادلۂ خیال میں توانائی کی منتقلی، جدید ترین مینوفیکچرنگ، الیکٹرک موبیلٹی اور مزاحم سپلائی چین کے شعبے میں تعاون کو مستحکم کرنے پر توجہ کی گئی۔ دونوں نے 60 کروڑ ڈالر کے انڈیا—جاپان فنڈ اور قومی سرمایہ کاری اور بنیادی ڈھانچے کے فنڈ میں جاپان کی شراکتداری کے ذریعے تعاون کے امکانات کی جستجو بھی کی۔x

Rev. MEA Briefing

وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر اِس ماہ کی 19اور 20تاریخ کو ممبئی میں متحدہ عرب امارات کے وزیر خارجہ شیخ عبداللہ بن زائد النہیان کی میزبانی کریں گے۔ آج سہ پہر نئی دلّی میں میڈیا کو تفصیلات بتاتے ہوئے وزارت خارجہ میں ترجمان رندھیر جیسوال نے کہا کہ متحدہ عرب امارات کے وزیر خارجہ کا یہ دورہ باہمی تعاون کے تمام پہلوؤں کا جائزہ لینے کا ایک موقع ہے۔ ترجمان نے کہا کہ ڈاکٹر جے شنکر ممبئی میں اِس ماہ کی 20تاریخ کو امریکہ کے وزیر خارجہ مارکو روبیو کے ساتھ بھی مذاکرات کریں گے۔ڈاکٹر جے شنکر امریکی کی آزادی کی 250ویں سالگرہ کی تقریب میں مہمانِ اعزازی کے طور پر شریک ہوں گے۔

جناب جیسوال نے بتایا کہ امریکی وزیر خارجہ کے جلد ہونے والے دورے سے دونوں ملکوں کو بھارت—امریکہ تعلقات کا جائزہ لینے اور جامع عالمی کلیدی شراکتداری کو مزید مستحکم کرنے کے طریقۂ کار پر تبادلۂ خیال کا موقع ملے گا۔ ترجمان نے کہا کہ مالدیپ کی حکومت کی درخواست پر بھارت نے تین ہزار کروڑ روپے کی کرنسی کی تبدیلی کے انتظام کی پہلی منتقلی Rollover کو منظوری دی ہے، جس کا اطلاق 23اکتوبر سے ہوگا۔

India Saudi Advisory

ریاض میں بھارتی سفارتخانے نے سعودی عرب میں موجود بھارتی باشندوں کو مشورہ دیا ہے کہ وہ فضائی حملے کی صورت میں گھروں کے اندر ہی رہیں اور مقامی اہلکاروں کی طرف سے جاری ہدایات پر عمل جاری رکھیں۔ موجودہ صورتحال کے پیش نظر جاری کی گئی تازہ ایڈوائزری میں سفارتخانے نے بھارتی باشندوں سے زور دے کر کہا ہے کہ وہ اِن دنوں جاری واقعات کی فلم بنانے، کسی قسم کی اطلاع کو شائع کرنے یا ایک دوسرے کو شیئر کرنے، تصویریں یا ویڈیو لینے سے گریز کریں۔

اُس نے سعودی عرب کے سفر کا یا عمرے کا ارادہ کرنے والے بھارتی افراد کو یہ مشورہ بھی دیا ہے کہ وہ سعودی ہوائی اڈّوں پر اِن دنوں جاری رخنہ اندازی اور پروازوں کی منسوخی کے امکانات کو پیش نظر رکھیں، جس کے سبب اُنھیں وہاں زیادہ دن تک قیام کرنا پڑ سکتا ہے۔

ادھر ریاض بین الاقوامی ہوائی اڈّہ پروازوں کیلئے اب بھی بند ہے جبکہ دمّام، جدہ اور مدینے کے ہوائی اڈّوں پر کام کاج جاری ہے حالانکہ کچھ رخنہ اندازی ہے۔ اس میں مزید کہا گیا ہے کہ فوری روانگی کی ضرورت محسوس کرنے والے بھارتی باشندے بحرین، کویت یا قطر کے راستے سفر کرنے پر غور کرسکتے ہیں بشرطیکہ وہ درکار ویزا حاصل کرلیں۔

PM 25 Years Jan Bhagidari

وزیراعظم نریندر مودی نے عوامی خدمت کے 25 سال مکمل کرلیے ہیں۔ ''جن سیوا سے دیش سیوا'' کے منتر اور پختہ عزم کے ساتھ یہ سفر آگے بڑھا ہے اور یہ سلسلہ آج بھی جاری ہے۔ سیوا اور سُشاسن کے اُن کے نظریے سے رہنمائی حاصل کرتے ہوئے سرکار 2047 تک وِکست بھارت کے مقصد کو حاصل کرنے کی سمت لگاتار کام کررہی ہے۔اپنی خصوصی سیریز کے تحت آج ہم اِس بات کا تذکرہ کررہے ہیں کہ جن بھاگیداری جیسے اقدامات کے ذریعے کس طرح اِس نظریے کو عملی شکل دی جارہی ہے۔

پیش ہے ایک رپورٹ ......

VC - Suparna

جَن بھاگیداری، جس کا مطلب عوامی شراکت داری ہے، وزیر اعظم نریندر مودی کی حکومت کے طرز حکمرانی کا ایک بنیادی ماڈل ہے۔ جَن بھاگیداری کے اِس ماڈل کو استعمال کرنے والی اسکیموں میں سووچھ بھارت مشن، بارش کے پانی کو محفوظ کرنے کی مہم ''کیچ دی رین''، گھریلو مصنوعات کو فروغ دینے کیلئے ''ووکل فار لوکل'' مہم اور پردھان منتری TB مکت بھارت ابھیان شامل ہیں۔
روایتی طور پر بھارت میں شہریوں کو صرف سرکاری اسکیموں کے مستفیدین کے طور پر دیکھا جاتا رہا ہے، لیکن جَن بھاگیداری نے اِس صورتحال کو یکسر بدل کر رکھ دیا ہے۔ اِس کے ذریعے لوگوں میں مقامی سطح پر ذمہ داری کا احساس پیدا ہوا ہے اور اُن کے رویوں میں تبدیلی آئی ہے۔
وزیر اعظم نریندر مودی، اپنے ماہانہ ریڈیو پروگرام من کی بات کے ذریعے ملک کی تعمیر میں جَن بھاگیداری کو باضابطہ ایک بنیادی ستون کے طور پر اجاگر کرتے ہیں۔ پچھلے مہینے من کی بات کے دوران وزیر اعظم مودی نے سماجی تبدیلی کے محرک کے طور پر جن بھاگیداری کی اہمیت پر زور دیا اور شہریوں سے نشہ مکت بھارت ابھیان جیسی اجتماعی تحریکوں میں شامل ہونے کی اپیل کی۔

SB - PM Modi

آکاشوانی نیوز سے بات کرتے ہوئے پریاگ راج کے شیوَیندر سنگھ نے بتایا کہ وہ، اُن کے اہلِ خانہ اور دوست جَن بھاگیداری کے تصور پر یقین رکھتے ہیں اور تہواروں کے موسم میں گھریلو مصنوعات کو فروغ دینے کی مہم 'ووکل فار لوکل' میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیتے ہیں۔

SB - Shivendra Singh

اب عوامی شرکت ملک بھر میں رونما ہونے والی تبدیلیوں میں اپنی ذمہ داری اور ملکیت کے احساس میں تبدیل ہوچکی ہے۔ اِس طرح لوگ ملک کی ترقی کے

محض تماشائی نہیں، بلکہ اِس کے اہم شراکت دار بن رہے ہیں۔
نئی دلّی سے سُپرنا سائیکیا کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں فیصل حبیب

Durga Puja Shashthi

آج مہا ششٹھی ہے، جو ملک بھر میں درگا پوجا کی تقریبات کے باضابطہ آغاز کی علامت ہے۔ پورے مغربی بنگال میں جشن کا ماحول ہے۔ خوبصورتی سے سجائے گئے پوجا پنڈال، فنکاری کے ساتھ تیار کی گئی دیوی درگا کی مورتیاں اور رنگا رنگ ثقافتی تقریبات، ریاست میں عقیدتمندوں کا استقبال کررہی ہیں۔
تفصیل ہمارے نامہ نگار سے ......

VC - Kalyan Laha

پورے مغربی بنگال میں لوگ درگا پوجا منا رہے ہیں۔ کولکاتا کے میٹرو اسٹیشنوں پر کافی بھیڑ ہے۔ آس پاس کے ضلعوں سے بھی لوگ کولکاتا پہنچ رہے ہیں، تاکہ اجتماعی طور پر منعقد ہونے والی درگا پوجا اور روایتی Bonedi باڑی پوجا، دونوں کا نظارہ کرسکیں۔ ہر طرف رنگ برنگی روشنیاں اور سجاوٹوں نے تہوار کی رونق میں مزید اضافہ کر دیا ہے۔ دوسرے مقامات پر کام کرنے والے لوگ بھی تہوار کے موقع پر اپنے اہل خانہ کے ساتھ وقت گزارنے کیلئے گھروں کو لوٹ آئے ہیں۔
کولکاتا سے کلیان لاہا کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں محمد اعظم خان

IMD Weather

بھارتی موسمیات محکمے نے جنوبی کرناٹک کے اندرونی علاقوں، تمل ناڈو، پدوچیری اور کرائیکل میں کل شدید سے بہت شدید بارش کیلئے اورینج الرٹ جاری کیا ہے۔
موسمیات محکمے کے مطابق، آندھرا پردیش، ساحلی کرناٹک، کیرالم اور ماہے میں اگلے دو دن کے دوران شدید بارش کا امکان ہے۔×

Wrestling

امریکہ کے Las Vegas میں جاری 23سال عمر تک کی عالمی کُشتی چمپئن شپ میں بھارت کی کومل نے خواتین کے 59 کلوگرام زمرے میں کانسے کا تمغہ جیتا ہے۔ کومل نے قزاخستان کی Viktorria Khusainova کو سات—دو سے ہرایا۔
بھارت کی ایک اور پہلوان Amruta Pujari، لگاتار دو جیت حاصل کرکے خواتین کے 72 کلوگرام زمرے کے فائنل میں پہنچ گئی ہیں۔×

Badminton

بیڈمنٹن میں مصر کے قاہرہ میں جاری BWF عالمی جونیئر چمپئن شپ میں بھارت کے جگشیر سنگھ Khangurra نے کانسے کا تمغہ حاصل کیا ہے۔ وہ آج مردوں کے سنگلز کے سیمی فائنل میں انڈونیشیا کے Radithya Bayu Wardhana سے چھ–پندرہ، پندرہ–تیرہ، تین–دو سے ہار گئے۔ یہ عالمی جونیئر چمپئن شپ میں انفرادی مقابلوں میں بھارت کا ساتواں کانسے کا تمغہ ہے۔ اِس طرح بھارت کے تمغوں کی مجموعی تعداد 13 ہوگئی ہے۔ اِس میں سونے کا ایک، چاندی کے پانچ اور کانسے کے سات تمغے شامل ہیں۔×

Cricket IND vs ZW

خواتین کرکٹ میں رائے پور میں تین ٹی–ٹوئنٹی بین الاقوامی میچوں کی سیریز کے پہلے میچ میں زمبابوے نے بھارت کے سامنے جیت کیلئے 115 رن کا نشانہ رکھا ہے۔ اِس سے پہلے، بھارت نے ٹاس جیت کر پہلے گیند بازی کرنے کا فیصلہ کیا۔ زمبابوے نے مقررہ 20 اوورس میں 5 وکٹ پر 114 رن بنائے۔ Sharne Mayers نے 43 رن، جبکہ Kellies Ndlovu نے 42 رن بنائے۔ بھارت کی نندنی شرما نے 2 وکٹ حاصل کیے۔
ایک خصوصی اقدام کے تحت، چھتیس گڑھ کے وزیر اعلیٰ وشنو دیو سائی کی تجویز پر تینوں ٹی–ٹوئنٹی بین الاقوامی میچوں کیلئے خواتین کا داخلہ مفت ہے۔×

☆☆☆☆☆☆☆☆☆